قرآن پاک، احادیث اور مستند کتابوں کے حوالہ جات سے مرتب کردہ

تحفہ علم



ماسٹر پبلشرز

المعراج سنٹر 22- اُردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل: 0333-4224994

قرآنی معلومات

س: لفظ قرآن کا ایک معنی تو ہے وہ کتاب جس کو کثرت سے پڑھا جائے۔ کیا اس کے علاوہ کوئی اور معنی بھی ہے؟

ج: جی ہاں۔ لفظ قرآن کا ایک معنی جمع کرنا بھی ہے۔ (المنجد)

س: قرآن کو قرآن کہنے کی وجہ کیا ہے؟

ج: قرآن کو قرآن یا تو اس لیے کہتے ہیں کہ اس کو دنیا میں ہر کتاب کی بانسبت زیادہ تلاوت کیا جاتا ہے۔ یا پھر اس لئے کہ قرآن پہلے تمام نبیوں اور رسولوں پر نازل ہونے والی کتابوں اور صحیفوں کے علم کو اپنے اندر جمع کرنے والا ہے۔ (المنجد)

س: آسمانی کتابیں کتنی اور ان کے نام کیا ہیں؟

ج: آسمانی کتابیں چار ہیں اور ان کے نام یہ ہیں۔ تورات، زبور، انجیل اور قرآن مجید

س: کون سی آسمانی کتاب کس رسول پر نازل ہوئی؟

ج: تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اور قرآن مجید ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ پر نازل ہوئی۔

س: جب قرآن پاک کے علاوہ باقی تینوں کتابیں اپنی اصلی حالت میں باقی نہیں تو پھر قرآن پاک اپنی اصلی حالت میں کیسے محفوظ رہا؟

ج: اس لئے کہ اس کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ تعالیٰ نے لیا ہے۔ جیسا کہ کلام الٰہی میں ہے۔ "اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ"

س: قرآن پاک کے ذاتی اور صفاتی نام کتنے ہیں؟

ج: ذاتی نام پانچ ہیں۔ القرآن، الفرقان، الذکر، التنزیل اور الکتاب۔ اور صفاتی نام بعض علماء کے نزدیک (۹۹) ننانوے ہیں۔ جیسے المبارک، الحکیم، الحمید اور النور وغیرہ۔

س: وحی کا معنی کیا ہے؟ اور حضور ﷺ پر وحی کس طرح نازل ہوئی؟

ج: وحی کا معنی ہے اشارہ کرنا، پیغام دینا، چپکے چپکے سے بات کرنا، کسی کے دل میں کوئی بات ڈالنا۔ اور آپ ﷺ پر وحی کئی طریقوں سے نازل ہوئی۔ کبھی خواب کی صورت میں، کبھی فرشتہ حاضر خدمت ہوتا، کبھی فرشتہ انسان کی شکل میں آتا اور کبھی اللہ تعالیٰ سے بغیر واسطہ کے کلام کے ذریعے۔

س: پہلی اور دوسری مرتبہ آنے والی وحی میں کس کس سورۃ کی کتنی کتنی آیات نازل ہوئیں؟
ج: پہلی وحی میں سورۃ العلق کی پہلی پانچ آیات اور دوسری وحی میں سورۃ المدثر کی پہلی پانچ آیات نازل ہوئیں۔
س: قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ہم نے قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل کیا۔ تو پھر یہ کہنا کہ قرآن پاک 23 سال کے عرصے میں نازل ہوا، اس کا مطلب کیا ہے؟
ج: لیلۃ القدر میں نازل ہونے کا مطلب لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر ایک ہی بار نزل ہوا اور پھر آسمانِ دنیا سے حضور نبی کریم ﷺ پر آہستہ آہستہ تقریباً 22 سال 5 ماہ اور 14 دن میں نازل ہوا۔
س: سب سے مختصر اور سب سے لمبی وحی کون سی ہے؟
ج: سب سے مختصر سورۃ النساء کی آیت نمبر 9 کے یہ الفاظ **غَیْرُ اُولِی الضَّرَرَ** ہے اور سب سے لمبی وحی سورۃ الانعام ایک ہی بار نازل ہوئی۔
س: سب سے آخری وحی کون سی ہے؟
ج: بعض علماء کے نزدیک سب سے آخری وحی سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 281 ہے۔
س: قرآن پاک کا زیادہ حصہ دن کو نازل ہوا یا رات کو؟
ج: قرآن پاک کا زیادہ حصہ دن کے وقت نازل ہوا۔
س: وہ کون سی سورۃ ہے جو دو مرتبہ نازل ہوئی؟
ج: سورۃ الفاتحہ دو بار نازل ہوئی۔ ایک بار مکہ اور ایک بار مدینہ میں۔
س: حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں قرآن پاک کس چیز پر لکھا جاتا تھا؟
ج: آپ ﷺ کے زمانہ میں قرآن چمڑے کے ٹکڑوں، صاف ہڈیوں، پتھروں اور کھجوروں کی شاخوں وغیرہ پر لکھا جاتا تھا۔
س: لفظ سپارہ اور سیپارہ کا معنی کیا ہے؟
ج: یہ دونوں لفظ فارسی زبان کے ہیں۔ پارہ کا معنی ہے ٹکڑا اور سی کا معنی ہے تیس (30)
س: قرآن پاک کی کل سورتیں 114 ہیں تو لفظ سورۃ کا معنی کیا ہے؟
ج: لفظ سورۃ کا معنی ہے گھیرنا۔
س: قرآن پاک کی سورتوں کے نام کس نے رکھے؟

ج: سورتوں کے نام اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے رکھے گئے ہیں۔
س: معوذتین کن سورتوں کو کہا جاتا ہے؟
ج: قرآن پاک کی آخری دو سورتیں، سورۃ الفلق اور الناس کو۔
س: وہ کون سی سورۃ ہے جسے ہر رات پڑھنے سے انسان قبر کے عذاب سے بچ جائے گا؟
ج: سورۃ الملک (پارہ نمبر 29)
س: وہ کون سی سورۃ ہے جسے ہر رات پڑھنے سے انسان فقر و فاقہ سے بچ جاتا ہے؟
ج: سورۃ الواقعہ (پارہ نمبر 27)
س: کل آیات اور بعض سورتوں کی آیات کی تعداد میں اختلاف اور فرق کی وجہ کیا ہے؟
ج: اس لئے کہ بعض اوقات حضور اکرم ﷺ آیت کے آخر میں وقف کرتے اور کبھی دو آیتوں کو ملا کر پڑھتے۔ اس طرح سننے والوں میں اختلاف پیدا ہو گیا۔
س: قرآن پاک کی سب سے چھوٹی آیت اور سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟
ج: چھوٹی آیت دو حرفی ہے۔ جیسے طٰہٰ، یٰسین وغیرہ اور بڑی آیت سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 282 ہے۔
س: سورۃ الرحمٰن میں "**فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن**" کتنی مرتبہ آیا ہے؟
ج: اکتیس (31) مرتبہ۔

یہی ہے آرزو تعلیم قرآن عام ہو جائے ہر اک پرچم سے اونچا پرچم اسلام ہو جائے

س: لفظ قرآن کے معنی بتائیے؟ ج: بار بار پڑھی جانے والی کتاب۔
س: قرآن مجید کا لفظ سب سے پہلے کس سورہ مبارکہ میں نازل ہوا؟ ج: سورۃ المزمل
س: لفظ قرآن، قرآن مجید میں کل کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟ ج: 22 مرتبہ۔
س: حضور اکرم ﷺ پر آخری وحی وفات سے کتنے روز قبل نازل ہوئی؟
ج: سات یا نو روز قبل۔
س: قرآن مجید کے نزول کے ادوار کون کون سے ہیں؟ ج: مکی دور اور مدنی دور۔
س: قرآن پاک کا مکی دور کتنے عرصے پر محیط تھا اور مدنی دور کتنا تھا؟
ج: مکی دور چار ہزار چار سو بیس دن مدنی نو سال نو ماہ اور نو دن۔
س: قرآن مجید کل کتنی مدت میں نازل ہوا؟

ج: 22 سال 4 ماہ اور 21 دن بعد روایات کے مطابق 22 سال 4 ماہ اور 14 دن

س: قرآن مجید کے نزول پر کفار کو بڑا اعتراض کیا تھا؟

ج: یہ کہ قرآن مجید اکٹھا کیوں نازل نہ ہوا۔

س: حضرت عمرؓ کون سی سورۃ کی تلاوت سن کر ایمان لائے تھے؟ ج: سورۃ طٰہٰ۔

س: ان دو سورتوں کا نام بتائیں جو ایک ساتھ نازل ہوئیں؟ ج: سورۃ الناس، سورۃ فلق

س: قرآن مجید کے مطابق دوزخ کے دروازوں کی تعداد کتنی ہے؟ ج: سات۔

س: سورہ یونس کے مطابق اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو کتنے دنوں میں پیدا کیا؟

ج: چھ دن میں۔

س: وہ کون سی سورۃ ہے۔ جس کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ عورتوں کو ضرور پڑھنا اور یاد کرنا چاہیے؟ ج: سورہ نور۔

س: قرآن مجید کی وہ کون سی سورۃ ہے جسے پڑھنے سے دس قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے؟

ج: سورہ یٰسین۔

س: قرآن مجید میں کل کتنے زبر، زیر، پیش، تشدید، نقاط اور کلمات استعمال ہوئے ہیں؟

ج: قرآن مجید میں (تقریباً 53223 زبر) (تقریباً 39582 زیر) (تقریباً 1771 مد) (تقریباً 8804 پیش) (تقریباً 1274 تشدید) (تقریباً 5684 نقاط) اور (تقریباً 80906 کلمات) ہیں۔ قرآن مجید کے سپاروں کی تعداد 30 ہے اور کل سورتوں کی تعداد 114 ہے رکوعات کی تعداد 558، آیات کی تعداد 6236 ہے۔ احناف کے نزدیک سجدوں کی تعداد 14 ہے۔

قرآن مجید کے کُل کلمات 80906 میں کل حروف 333234 ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام جن کا ذکر قرآن مجید میں صراحتاً موجود ہے 26 ہیں۔ ان 26 انبیاء کرام علیہم السلام کا ذکر قرآن مجید میں 510 بار ہے۔ قرآن مجید میں 7 منزلیں ہیں۔ سورۃ الرحمٰن میں فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ 31 مرتبہ ہے۔

س: قرآن پاک نے سب سے پہلا پیغمبر کس کو کہا ہے؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام کو۔

اسلامی معلومات

س: اسلام کے معنی کیا ہے؟ ج: جھکنا۔ سلامتی والا ہونا۔

س: اسلام اور ایمان میں فرق کیا ہے؟

ج: ظاہر کے جھک جانے کا نام اسلام اور باطن کے جھک جانے کا نام ایمان ہے۔

س: رسولوں کی تعداد کتنی ہے؟ ج: رسول 313 ہیں۔

س: وہ کون سی مسجد ہے، جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو خوشی نہیں بلکہ تکلیف ہوئی تھی لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے جلانے کا حکم دے دیا؟

ج: مسجد ضرار، جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں پارہ نمبر 11 سورۃ توبہ کی آیت نمبر 107 میں ذکر کیا۔

س: وہ کون سی جگہ ہے جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھایا گیا؟

ج: مسجد اقصیٰ جس مقام پر واقع ہے۔

س: مسجد اقصیٰ کی لمبائی اور چوڑائی کتنی ہے؟ ج: لمبائی 80 میٹر اور چوڑائی 55 میٹر۔

س: جب حضور نبی کریم ﷺ نے انگلی کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کیے اس واقع کو کیا کہا جاتا ہے؟ ج: اس واقع کو شق القمر کہا جاتا ہے۔

س: اسلام کی سب سے بڑی اکیڈمی کون سی ہے؟

ج: دار ارقم یعنی حضرت ارقم رضی اللہ عنہ کا گھر۔

س: جن اور عورت نبی کیوں نہیں بن سکتے؟

ج: عورت نبی اس لیے نہیں بن سکتی کہ وہ ناقص العقل ہے۔ اور جن اس لیے نہیں کہ اس سے نبوت کا مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ جو کہ نسل انسانی کے لیے راہنمائی اور عملی نمونہ ہے۔

س: نبی اس بشر کو کہتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لیے وحی بھیجی ہو۔ کیا وحی کے بغیر بھی نبی ہو سکتا ہے؟

ج: نہیں۔ وحی کے بغیر نبی نہیں ہو سکتا، وحی کا ہونا ضروری ہے۔ خواہ فرشتہ کی معرفت ہو یا بلاواسطہ۔

س: مشہور آسمانی کتابیں چار ہیں جو کہ چار رسولوں پر نازل ہوئیں۔ ان میں افضل کتاب افضل الرسول احمد مجتبیٰ حضرت محمد ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید ہے؟ افضلیت کا کیا مطلب جبکہ وہ بھی اللہ تعالیٰ کا کلام اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کا کلام ہے؟

ج: افضلیت کا مطلب یہ ہے کہ اس میں ہمارے لیے ثواب زیادہ ہے۔ ورنہ اللہ بھی ایک اس کا کلام بھی ایک اس میں افضل و مفضول کی گنجائش نہیں۔

س: اگر دیگر آسمانی کتابوں میں سے کچھ حصہ قرآن کے خلاف آجائے تو کیا مسلمان کو اس کا اقرار کرنا چاہیے یا کہ انکار کرنا چاہیے؟

ج: اگر آسمانی کتب کا کچھ حصہ ہمارے سامنے ہو تو ہم دیکھیں گے کہ وہ ہمارے قرآن کے مطابق ہے یا مخالف اگر مطابق ہو تو تصدیق کریں گے۔ اگر مخالف ہو تو ان کی تحریفات پر مشتمل سمجھتے ہوئے چھوڑ دیں گے۔

س: قرآن پاک کی طرح کیا دیگر آسمانی کتابیں بھی بچے بچے کو یاد ہوا کرتی ہیں؟

ج: نہیں دیگر کتب صرف انبیاء کو یاد ہوتی تھیں اور یہ صرف قرآن پاک کا اعجاز ہے کہ بچے بچے کو یاد ہے۔

س: قرآن پاک کے کسی پارے، سورۃ آیت یا زبر، زیر میں شک کرنے والے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج: قرآن پاک کے کسی بھی حصے کا انکار کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج یعنی کافر ہے۔

س: قرآن پاک کی سات مشہور اور متواتر قرأتیں ہیں۔ یعنی سات مختلف قرأتیں جس طرح قرأتوں میں اختلاف ہے کیا معنوں میں بھی اختلاف ہے۔

ج: نہیں معاذ اللہ معنی میں کوئی اختلاف نہیں۔

س: قرآن پاک کی سات قرأتوں کو ایک ہی جگہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

ج: ایک ہی جگہ پر تمام قرأتیں نہیں پڑھ سکتے بلکہ جس ملک میں جو قرأت رائج ہے صرف وہی پڑھ سکتے ہیں۔

س: ہمارے ملک میں جو قرأت رائج ہے اس کا نام کیا ہے؟

ج: قرأت عاصم بروایت حفص رحمھم اللہ۔

س: قرآن پاک نے اگلی کتابوں کے بہت سے احکام منسوخ کر دیئے اس طرح قرآن مجید کی بعض آیات نے بعض آیات کو منسوخ کر دیا۔ اس کا مطلب کیا ہے؟

ج: بعض احکام خاص وقت کے لیے ہوتے ہیں جب یہ پوری ہوتی ہے تو دوسرا حکم نازل ہوتا ہے۔ جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلا حکم اٹھا دیا جبکہ حقیقت میں پہلے حکم کے ختم ہو جانے کا وقت بتایا جاتا ہے۔

س: وہ کون سا ملک ہے۔ جس میں عید میلاد النبی ﷺ سرکاری سطح پر منایا جاتا ہے؟

ج: دوبئی۔

س: مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے لیے زمین کی قیمت کس نے ادا کی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

س: حضور نبی کریم ﷺ نے اعلان نبوت کے بعد مکہ میں کتنے سال گزارے؟

ج: 13 سال

س: مکہ سے ہجرت فرما کر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ میں زندگی کے باقی کتنے سال پورے کئے؟ ج: دس سال

س: حضور نبی کریم ﷺ کو اسلام کی تبلیغ سے روکنے کے لیے کس نے دولت، عورت، قیادت اور حکومت کا لالچ دینا چاہا؟ ج: عتبہ بن ربیعہ جو کہ عرب کا ایک رئیس تھا۔

س: مؤذن رسول حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خرید کر آزاد کرنے والے شخص کا نام کیا ہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س: وہ کون سا شخص ہے۔ جس کا گھوڑا حضور نبی کریم ﷺ کا تعاقب کرتے ہوئے زمین میں دھنس گیا؟ ج: سراقہ بن مالک جو مشہور شہسوار تھا۔

س: وہ کون سی عورت ہے جس کی بکری کے خشک تھنوں پر آپ ﷺ نے ہاتھ پھیرا تو وہ دودھ سے بھر گئے۔ جس کو دیکھ کر اس نے اسلام قبول کر لیا؟ ج: معید بنت خالد۔

س: مسجد نبوی میں پہلی بار اذان کس نے دی؟

ج: حضور بلال رضی اللہ عنہ نے۔

س: وہ کون سا جانثار ہے جو جنگ اُحد میں خالد بن ولید کے حملہ کے وقت حضور اکرم ﷺ

کی طرف آتے ہوئے تیروں کو اپنے جسم سے ڈھال بن کر روکتا رہا؟

ج: حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ

س: نابالغ بچوں کے گناہوں کی سزا کیا ہے؟

ج: بچوں کو بچپن کی تکلیفیں ان کے گناہوں کی سزا ہیں۔

س: جانوروں کو ذبح اور درختوں کو کب کاٹا جاتا ہے؟

ج: جب وہ ذکر الٰہی سے غافل ہوتے ہیں۔

س: انسان کا ناپاک بدن غسل سے پاک ہو جاتا ہے تو پھر جانوروں کا ناپاک بند کیسے پاک ہوگا؟ ج: جانوروں کا ناپاک بند خشک ہو جانے سے پاک ہو جاتا ہے۔

س: وہ کون سا پانی ہے جو قیامت کے روز نیکیوں کے پلڑے میں رکھا جائے گا؟

ج: وضو کا استعمال شدہ پانی۔

س: کائنات میں وہ کون سا مقام ہے جہاں درخت کاٹنا حرام اور گناہ ہے؟ ج حرم شریف

س: اللہ تعالیٰ نے آسمان بنائے، آسمان بنانے کے بعد زمین کو بچھایا، زمین کو بچھانے کا آغاز کہاں سے ہوا؟ ج: اس جگہ سے جہاں مکہ معظمہ ہے۔

س: نماز کے لیے سب سے پہلے اذان کی تجویز کس نے دی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س: وضو کا حکم کب اترا؟ ج: 5 ہجری میں۔

س: اس پہلے نمازی کا نام بتائیں جنہوں نے تین تیر کھانے کے بعد بھی نماز جاری رکھی؟

ج: حضرت عباس بن بشیر رضی اللہ عنہ نے۔

س: اسلام میں پہلی اذان کب ہوئی اور موذن کون تھے؟

ج: فتح مکہ 8 ہجری میں اور موذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز کیلئے اذان دی۔

س: کس عبادت کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اس کا اجر میں خود دوں گا؟

ج: روزہ کا۔

س: وہ کون سی حالت ہے جس میں ہر مسلمان پر حلال چیز حرام ہو جاتی ہے؟

ج: نماز کی حالت میں۔

س: حضور اکرم ﷺ نے جو آخری نماز پڑھائی اس میں کون سی سورۃ تلاوت فرمائی؟

ج: سورۃ المرسلات۔

س: جنت کے داروغہ کا نام بتائیے؟ ج: رضوان۔

س: اسلام کے لیے پہلے شہید مرد کا نام کیا ہے؟ ج: حضرت حارث بن ابی ہالہ رضی اللہ

س: اسلام کی پہلی شہید خاتون کا نام کیا ہے؟ ج: حضرت سمیہ رضی اللہ عنہ۔

س: سانحہ کربلا کے پہلے شہید کا نام کیا ہے؟ ج: حضرت مسلم بن عوسجہ رضی اللہ عنہ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا اور کس نے نماز جنازہ پڑھائی؟

ج: 3 رمضان 11 ہجری۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے۔

س: خانہ کعبہ کے غلاف کے لیے کتنے گز کپڑا درکار ہوتا ہے؟ ج: ایک ہزار گز۔

س: آپ ﷺ کی دودھ شریک بہن کا نام کیا ہے؟

ج: حضرت شیما رضی اللہ عنہا۔

س: زمین پر پہلا درخت کون سا تھا؟ ج: کھجور کا۔

س: ابولہب کا اصل نام کیا تھا؟ ج: عبدالعزیٰ۔

س: ابوجہل کا اصل نام کیا تھا؟ ج: ابوالحکم عمر بن ہشام المغیرہ۔

س: کون سے خلیفہ کے بذریعہ خط کہنے پر اللہ کے حکم سے دریائے نیل دوبارہ جاری ہو گیا تھا اور اب تک جاری ہے؟ ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س: اصحاب کہف کے کتے کا نام بتائیے؟ ج: قطمیر۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کون سے پیغمبر ہیں جن کا کوئی باپ نہیں؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام۔

س: وہ کون سی اذان ہے جس کے بعد نماز نہیں ہوتی؟

ج: پیدائش کے بعد بچے کے کان میں دی جانے والی اذان۔

س: وہ کون سی نمازیں ہیں جن کی اذان نہیں ہوتی؟

ج: نماز عید الفطر، نماز عید الاضحیٰ، نماز جنازہ۔

س: حضرت محمد ﷺ کی قبر کھودنے کا فریضہ کس نے انجام دیا؟

ج: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے۔

س: خدائی کا دعویٰ کرنے والے نمرود کا اصل نام کیا تھا؟ ج: ہاصد۔

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کس پہاڑ سے زندہ آسمان پر اٹھایا گیا؟ ج: کالوری۔
س: حضرت آدم علیہ السلام اور اماں حوا علیہا السلام کہاں مدفون ہیں؟
ج: کوہ ابوقیس میں۔
س: وہ کون سا مذہب ہے۔ جس کا بانی کوئی پیغمبر نہیں فلسفی تھا؟ ج: کنفیوشس مت۔
س: عرب میں پہلی شخصیت کا نام بتائیں جن کا ہدیہ آنحضور ﷺ نے قبول کیا؟
ج: ابوسفیان۔ یہ واقعہ صلح حدیبیہ کے موقع پر پیش آیا۔

60سائنسی معلومات

س: سیارے ستارے سورج چاند کیسے بنے؟
ج: ایک عظیم دھماکہ ہوا جو (بگ بینگ) کہلاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں کہکشاؤں کی شکل میں ظاہر ہوئے۔
س: زمین کی بیرونی اور اندرونی پرتیں کس طرح کی ہیں؟
ج: قشرِ ارض جس کے اوپر ہم رہتے ہیں کسی ٹھوس چھلکے کی طرح ہے جبکہ کرہ زمین کی اندرونی پرتیں نہایت گرم اور مائع ہیں۔
س: سطح زمین کس چیز پر ٹھہری ہوئی ہے؟
ج: سطح زمین متعدد ٹھوس ٹکڑوں یعنی پلیٹوں پر ٹھہری ہوئی ہے۔ جن کی اوسط موٹائی تقریباً 100 کلومیٹر ہے یہ پلیٹیں، جزوی طور پر پگھلے ہوئے حصے کے اوپر گویا تیر رہی ہیں
س: وہ کون سا ستارہ ہے جو تیرہ لاکھ، تیرہ ہزار، چھپن زمینوں کے برابر ہے؟ ج: سورج
س: انسانی جسم میں ہڈیوں، پسلیوں، سر کے بالوں اور مساموں کی تعداد کتنی ہے؟
ج: ہڈیاں 206، پسلیاں 24، سر کے بال تقریباً 15 ہزار اور مساموں کی تعداد تقریباً 25لاکھ ہے۔
س: سورج کا قطر کتنا ہے؟ ج: آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار میل قطر ہے۔
س: سورج کا وزن زمین سے کتنے گنا زیادہ ہے؟ ج: تین لاکھ بتیس ہزار گنا زیادہ ہے
س: سورج کی سطح کا درجہ حرارت کتنا ہے؟

ج: 5500 سے لے کر 6000 ہزار درجہ سینٹی گریڈ تک ہے۔
س: سورج کے مرکز کا درجہ حرارت کتنا ہے؟ ج: ایک کروڑ بیس لاکھ سینٹی گریڈ ہے۔
س: چاند کا قطر کتنا ہے؟ ج: 2160 میل ہے۔
س: شمسی توانائی سے چلنے والا ایشیاء کا پہلا لائٹ ہاؤس اور لائٹ ٹاور کہاں تعمیر کیا گیا ہے؟
ج: جزیرہ کھڈی کے مقام پر پورٹ قاسم کراچی لگایا گیا۔
س: خانہ کعبہ کی سب سے پہلی تعمیر کن پہاڑوں کے پتھروں سے کی گئی؟
ج: پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے (۱) طور سینا (۲) طور زیتون (۳) جبل لبنان (۴) جبل جوری (۵) جبل حرا۔
س: دنیا میں سب سے پہلے بھیڑ کے بالوں سے لباس بنا کر کس نے پہنا؟
ج: حضرت آدم علیہ السلام نے۔
س: زمین اپنے محور میں سورج کے گرد کتنی رفتار سے گردش کرتے ہوئے اپنا چکر کتنی دیر میں مکمل کرتی ہے؟ ج: رفتار 18 میل فی سیکنڈ کے حساب سے 365 دن 5 گھنٹے 48 منٹ میں اپنا چکر مکمل کرتی ہے۔
س: زمین جس راستے پر سورج کے گرد چکر لگاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟ ج: وہ مدار ہے
س: شہاب ثاقب کس چیز کا بنا ہوا ہوتا ہے؟
ج: شہاب ثاقب عموماً پتھر کا بنا ہوتا ہے اس میں پتھر اور لوہے کے مرکب پائے جاتے ہیں۔
س: روشنی کی رفتار کتنی ہے؟ ج: روشنی کی رفتار ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ ہے۔
س: سورج اور چاند کی روشنی کتنی دیر میں زمین تک پہنچتی ہے؟
ج: سورج کی 8 منٹ اور چاند کی روشنی ڈیڑھ سیکنڈ میں پہنچتی ہے۔
س: روشنی کیا ہے؟ ج: روشنی قوت کی ایک شکل ہے۔
س: سورج کی روشنی زمین کی طرف کس شکل میں سفر کرتی ہے؟
ج: روشنی لہروں کی شکل میں دوڑتی ہے یہ لہریں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں۔ ہمیں دکھائی نہیں دیتیں سیدھی کرنیں نظر آتی ہیں۔
س: انسانی آنکھ بغیر دوربین کے کتنے ستارے دیکھ سکتی ہے ج دو ہزار ستارے دیکھ سکتی ہے

متفرق معلومات

س: وہ کون سا مسافر ہے جس نے زندگی میں صرف ایک بار سفر کیا؟ ج: جبل طور سینا۔

س: مرغ اپنی آواز میں کیا کہتا ہے؟

ج: اے غافلو! اللہ کو یاد کرو۔ (فرمانِ حضرت علی کرم اللہ وجہہ)

س: مینڈک اپنی ٹرٹر کی آواز میں کیا کہتا ہے؟

ج: پاک ہے وہ ذات جس کی تعریف سمندروں میں ہوتی ہے۔ (فرمان حضرت علیؓ)

س: بقول حضرت علی کرم اللہ وجہہ، اصحابِ کہف کے کتے کا رنگ کیا ہے؟

ج: سفید اور سیاہ

س: وہ کون سی چیز ہے جو کائنات میں موجود تو ہے مگر اللہ تعالیٰ نے اسے خلق نہیں کیا؟

ج: قرآن پاک اور دیگر آسمانی کتابیں، کیونکہ وہ اللہ کا کلام ہے اور اس کی صفت ہے مخلوق نہیں۔

س: وہ کون سی چیز ہے، جو اللہ کے پاس نہیں؟ ج: ظلم، عاجزی

س: وہ کون سی چیز ہے جو سانس تو لیتی ہے مگر روح نہیں رکھتی؟

ج: اللہ قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ صبح کی قسم جب وہ سانس لیتی ہے۔

س: وہ کون سا درخت ہے، جس کے سائے میں عربی نسل کا گھوڑا ایک ہزار سال تک دوڑتا ہے تو بھی اس کے سائے سے نہیں نکل سکتا؟ ج: شجر طوبیٰ (جنت کا درخت)

س: وہ کون سا درخت ہے جو بغیر پانی کے پیدا ہوا؟ ج: شجر یونس علیہ السلام (کدو)

س: وہ کون سا پرندہ ہے جو جتنی رفتار سے سیدھا اڑتا ہے اتنی ہی رفتار سے پیچھے کی طرف اڑتا ہے اور کہاں پایا جاتا ہے؟ ج: آسٹریلیا میں پایا جانے والا ہمینگ برڈ۔

س: پاکستان کے شمالاً جنوباً اور شرقاً لمبائی کتنی ہے؟

ج: شرقاً غرباً 1287 کلومیٹر اور شمالاً جنوباً 1505 کلومیٹر ہے۔

س: آزادی پاکستان کا اعلان کب ہوا؟ ج: 3 جون 1947ء کو۔

س: قائداعظم کو برطانوی پارلیمنٹ نے کب پاکستان کا گورنر جنرل منتخب کیا؟

ج: 3 اگست 1947ء کو

س: قائداعظم کو کب مسلم لیگ کا مستقل صدر منتخب کیا گیا؟ ج: 1934ء کو

س: بانی پاکستان کا انتقال کس بیماری کے باعث ہوا؟ ج: پھیپھڑوں کی بیماری سے

س: مزار قائد کا نقشہ کس نے تیار کیا؟ ج: یحیٰ مرچنٹ نے

س: بانی پاکستان کی سیاسی زندگی کتنے سالوں پر محیط تھی؟ ج: 42 سال

س: پاکستان کا سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا دریا کون سا ہے؟

ج: سب سے بڑا دریا سندھ اور چھوٹا دریا راوی ہے۔

س: پاکستان کی سب سے بڑی نہر کون سی ہے؟ ج: نہر لوئر باری دوآب

س: پاکستان کا قومی نعرہ کیا ہے؟ ج: پاکستان زندہ باد

س: پاکستان کا سب سے بڑا بجلی گھر کون سا ہے؟ ج: منگلا بجلی گھر

س: پاکستان میں قدیم ترین مسجد کہاں واقع ہے؟ ج: بھمبھور میں

س: پاکستان میں پہلی بار جمعہ کی چھٹی کب منظور ہوئی؟ ج: یکم جولائی 1977ء

موبائل کی معلومات Nokia موبائل کوڈ

سیریل نمبر پر چیزنگ ڈیٹ لائف ٹائمر دیکھنے کے لئے یہ کوڈ ملائیں۔ #92702689#*-#746025025#*_IMEI نمبر دیکھنے کے لیے یہ کوڈ ملائیں۔ #06#* ماڈل اور پرچیزنگ ڈیٹ دیکھنے کے لئے یہ کوڈ ملائیں۔ #0000#* یہ ڈیفالٹر سیکورٹی کوڈ سیٹنگ میں جا کر سیٹنگ کو اوکے کریں۔ جو اسے...... طرف لائیں۔ اور ری سٹور سیٹنگ یا ری سٹور سیٹنگ فیکٹری کو...... دیں 12345۔ اگر موبائل کے سپیکر میں اضافی آوازیں آتی ہیں...... ایم کام نہیں کر رہا یا میمری کارڈ صحیح طرح سے چل نہیں رہا یا موبائل...... خود بخود آن۔ آف ہوتا ہے جس قسم کا فالٹ ہو گا ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔ (2600),(2626),(2630)، (1112),(1600) (1110),(1100),(1202),(1208)، (3100),(1209) (5200),(5300)(1650),(5610),(5310),(6300),(3150), (6100),(7210), اگر آپ کے موبائل یا میموری کارڈ میں وائرس آ گیا ہے تو اسے ختم

کرنے کے لئے یہ کوڈ ملائیں۔ #7370#*-#7470#*-#7979#* پھر یہ کوڈ دیں 12345 آپ کے موبائل میں جس قسم کا بھی فرق ہوگا ٹھیک ہو جائے گا۔

نوٹ فرمائیں: یہ کوڈ ان موبائل کے لیے ہے جو انسٹالیشن کرتے ہیں۔ ان تینوں میں سے ایک کوڈ آپ کے موبائل پر لگ سکتا ہے۔

نوٹ فرمائیں: موبائل سے میموری کارڈ نکال کر کوڈ دیں اور آپ کے موبائل میں جو ڈیٹا اور نمبرز ہیں اسے پہلے کسی پیج پر لکھ لیں۔ اگر آپ کے موبائل فون کی سکرین الٹی ہو جاتی ہے تو اسے ٹھیک کرنے کے لئے یہ کوڈ دیں۔ #5511#* اس سے آپ کے موبائل کی سکرین سیدھی ہو جائے گی۔ اگر آپ اپنے موبائل فون کی سکرین خود الٹی کرنا چاہتے ہیں تو یہ کوڈ ملائیں۔ #5513#* #5512#*

1-#5514#* ان کوڈز کے ذریعے آپ اپنے موبائل فون کی سکرین الٹی کر سکتے ہیں۔ نوٹ فرمائیں: یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔

فون لاک اور کال لاک کرنا

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے علاوہ آپ کا موبائل کوئی اور استعمال نہ کر سکے تو درج ذیل ہدایت پر عمل کریں۔

1. سیٹنگ میں جا کر Phone Setting کو Click کریں۔ پھر Keyguard Setting کو کلک کریں اور جوائے سٹک کو نیچے کی طرف لائیں اور 12345 کا کوڈ دیں اور Option کو on کر دیں۔ اس کو ختم کرنا ہو تو اس عمل کو دوبارہ سے کریں اور off کر دیں۔

2. سیٹنگ میں جا کر Call Setting کو کلک کریں۔ جوائے سٹک کو اوپر کی طرف لے جائیں۔ Send My Caller ID کو کلک کریں اور Off کر دیں۔ آپ کی کال لاک ہو جائے گی۔ اس کو ختم کرنا ہو تو اس عمل کو دوبارہ سے کریں اور On کر دیں۔

LG موبائل کوڈ

سیریل نمبر، IMEI نمبر دیکھنے کے لئے یہ کوڈ ملائیں۔ #06#* یہ ڈیفالٹر سیکورٹی کوڈ سیٹنگ میں جا کر سیٹنگ کو اوکے کریں۔ جوائے سٹک کو نیچے کی طرف لائیں اور ری سٹور سیٹنگ یا ری سٹور فیکٹری کو اوکے کریں اور کوڈ دیں 00000000 یا 0000۔ اگر موبائل کے سپیکر میں

اضافی آوازیں آتی ہیں یا موبائل کا ایف۔ ایم کام نہیں کر رہا یا میمری کارڈ صحیح طرح سے چل نہیں رہا یا موبائل ہینگ ہو جاتا ہے۔ خود بخود داون۔ آف ہوتا ہے۔ جس قسم کا فالٹ ہوگا ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔

Sony موبائل کوڈ

سیریل نمبر دیکھنے کے لئے یہ کوڈ ملائیں۔ کوڈ سیٹنگ میں جا کر سیٹنگ کو اوکے کریں۔ جوائے سٹک کو نیچے کی طرف لائیں...... یا ری سٹور فیکٹری کو اوکے کریں اور کوڈ دیں 0000۔ اگر موبائل کے سپیکر سے آوازیں آتی ہیں یا موبائل کا ایف۔ ایم کام نہیں کر رہا یا میمری کارڈ صحیح طرح...... یا موبائل ہینگ ہو جاتا ہے۔ خود بخود آن۔ آف ہوتا ہے۔ جس قسم کا فالٹ ہوگا یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔

Samsung موبائل کوڈ

IMEI نمبر، سیریل نمبر دیکھنے کے لئے یہ کوڈ ملائیں۔ #06#* موبائل فون کا LCD کنٹراسٹ تبدیل کریں۔ #0523#* موبائل فون کی میموری کو دوبارہ ری سیٹ کرنے کے لیے یہ کوڈ ملائیں۔ یہ ڈیفالٹر سیکورٹی کوڈ #2878*2767* یہ ڈیفالٹر سیکورٹی کوڈ سیٹنگ میں جا کر سیٹنگ کو اوکے کریں۔ جوائے سٹک کو نیچے کی طرف لائیں اور ری سٹور سیٹنگ یا ری سٹور فیکٹری کو اوکے کریں اور کوڈ دیں 00000000 یا 0000۔ اگر موبائل کے سپیکر میں اضافی آوازیں آتی ہیں یا موبائل کا ایف۔ ایم کام نہیں کر رہا یا میمری کارڈ صحیح طرح سے چل نہیں رہا یا موبائل ہینگ ہو جاتا ہے۔ خود بخود داون۔ آف ہوتا ہے۔ جس قسم کا فالٹ ہوگا ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔

فون لاک: Sony Ericson

IMEI نمبر، سیریل نمبر دیکھنے کے لئے یہ کوڈ دیں۔ #06#* اور تاریخ بدلنے کے لئے #103#*۔ موبائل فون کی انگریزی زبان سلیکٹ کرنے کے لئے #0000#* لاسٹ ڈائل مینیو میں جانے کے لئے #0۔ یہ ڈیفالٹر سیکورٹی کوڈ سیٹنگ میں جا کر سیٹنگ کو اوکے کریں۔ جوائے سٹک کو نیچے کی طرف لائیں اور ری سٹور سیٹنگ یا ری سٹور فیکٹری کو اوکے کریں اور کوڈ دیں 0000 یا 111۔ اگر موبائل کے سپیکر میں اضافی آوازیں آتی ہیں یا موبائل کا ایف۔ ایم کام نہیں کر رہا یا میمری کارڈ صحیح طرح سے چل نہیں رہا یا موبائل ہینگ ہو

جاتا ہے۔خود بخود آن۔آف ہوتا ہے۔جس قسم کا فالٹ ہوگا ٹھیک ہو جائے گا۔یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔

China موبائل کوڈ

یہ ڈیفالٹر سیکورٹی کوڈ سیٹنگ میں جا کر سیٹنگ کو اوکے کریں۔جوائے سٹک کو نیچے کی طرف لائیں اور ری سٹور سیٹنگ یا ری سٹور فیکٹری کو اوکے کریں۔اوران میں سے کوئی ایک کوڈ دیں 2244,0000,1234,1122,3344۔اگر موبائل کے سپیکر میں اضافی آوازیں آتی ہیں یا موبائل کا ایف۔ایم کام نہیں کر رہا یا میمری کارڈ صحیح طرح سے چل نہیں رہا یا موبائل ہینگ ہو جاتا ہے۔خود بخود اون۔آف ہوتا ہے جس قسم کا فالٹ ہوگا ٹھیک ہو جائے گا۔یہ کوڈ ان موبائل پر کام کرے گا۔ایمر جنسی چائینہ موبائل چارجنگ Nokia موبائل چارج 20 روپے کے نوٹ کو 3 تہہ کر کے نوک بنا لیں، بیٹری کو موبائل سے نکال لیں، درمیان والے پوائنٹ پر نوٹ کی نوک رکھیں بیٹری موبائل میں ڈال لیں اور موبائل کو آن کریں جب آپ کے موبائل پر NO INSTA آجائے یا موبائل آن ہو جائے نوٹ کو نکال لیں۔اب آپ کا موبائل تقریباً ایک گھنٹہ تک کام کرے گا۔

کال Divert کو ڈی ایکٹیویٹ کرنا

کال کو Divert کرنا کال Divert کو ایکٹیویٹ کرنے کے لئے درج ذیل ہدایت پر عمل کریں۔ Call Setting ٹیپ پر کلک کرتے ہوئے Divert Call آپشن پر کلک کریں۔اب آپ کال ٹائپ سلیکٹ کرتے ہوئے Divert آپشن میں سے Activate آپشن سلیکٹ کریں۔ اب آپ اس مطلوبہ نمبر کو ٹائپ کریں جسے آپ اپنی کال Divert کرنا چاہتے ہیں یا پھر Lock سے اپنا مطلوبہ کنٹیکٹ تلاش کرتے ہوئے Ok آپشن پر کلک کریں۔

کسی بھی سم کی رجسٹریشن چیک کرنے کا طریقہ

اپنے موبائل سے 667 پر میسج send کریں اور سم کی رجسٹریشن چیک کریں۔

اپنے نام کی رجسٹرڈ تمام سموں کو چیک کرنے کا طریقہ

اپنے شناختی کارڈ کا نمبر انٹر کریں اور 668 پر send کریں آپ کے نام جتنی بھی سمیں ہوں گی چاہے کسی بھی کمپنی کی ہوں آپ کا موبائل اُن کو سکرین پر شو کر دے گا